اور انتہائی مستند کتاب ہے۔ کتاب میں کوئی تحقیق بلاحوالہ بیان نہیں کی گئی۔ کتاب کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ فاضل مؤلف کو زیر بحث موضوع پر مکمل دسترس اور کلی بصیرت حاصل ہے اور کتاب کی تیاری میں انہوں نے بڑی جاں گسل محنت اٹھائی ہے۔ امید ہے کہ اہل علم ونظر کے لئے یہ کتاب باعث دلچسپی ہوگی۔ کتاب کی طباعت، ٹائٹل، سیٹنگ میں سلیقہ مندی پائی جاتی ہے۔

پچاس دعائیں: مولانا محمد حنیف عبدالمجید نے اپنی کتاب ''پریشان رہنا چھوڑ دیجئے'' میں ایسی پچاس دعائیں بھی جمع کی ہیں جن کی ابتداء ''اللھم إني أعوذبك '' سے ہوئی ہے۔ احباب دارالہدیٰ نے ان پچاس تعوذات کو الگ سے کتابی شکل دے کر شائع کیا ہے۔ اس مجموعے میں دنیا وآخرت کی تمام بھلائیوں کو طلب کرنے محتاجی، غم و پریشانی، عاجزی وکاہلی مخلوق کے شر اور اللہ تعالیٰ کی ناراضگی سے بچنے کی دعائیں موجود ہیں۔ تمام مسلمانوں کو چاہئے کہ ان دعاؤں کو حرزِ جاں بنا کر ان کو ہر روز بلاناغہ صبح وشام پڑھنے کا معمول بنائیں۔ ۶۸ صفحات کا یہ کتابچہ مکتبہ دارالہدیٰ اردو بازار کراچی نے شائع کیا ہے۔

صرف پانچ منٹ کا مدرسہ: ترتیب: علماء دینیات اسکول ممبئی، ہند۔ ناشر: مکتبہ دارالہدیٰ اردو باراز کراچی۔ ضخامت: دو حصے، ۸۲۳ صفحات تقریباً۔ سائز: 20×30/8۔ قیمت: 300 روپے۔

امت کے لئے درد دل اور سوز دروں رکھنے والے علماء اور اولیاء امت نے ہر زمانے میں لوگوں کی اصلاح وتربیت کے لئے مختلف شرعی طریقے اختیار کئے، تاکہ امت جہالت اور عیش پسندی سے نکل کر دین کی طرف آئے۔ زیر نظر کتاب ''صرف پانچ منٹ کا مدرسہ، قرآن وحدیث کی روشنی میں'' اسی سنہری سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ اس کتاب میں دس عنوانات ہیں: اسلامی تاریخ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ، ایک فرض کے بارے میں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت، ایک نفلی عمل کی فضیلت، ایک گناہ کے بارے میں، دنیا کے بارے میں، آخرت کے بارے میں، قرآن اور طب نبوی سے علاج، قرآن کی نصیحت۔ کتاب کی تالیف وترتیب سے مقصد یہ ہے کہ مختصر وقت میں امت کے سامنے دس قسم کی دین کی اہم وضروری باتیں آجائیں، تاکہ امت میں دین کا شعور، اس کو سیکھنے اور اس پر عمل کرنے کا شوق ورغبت پیدا ہو۔ علمی آگہی اور دینی تربیت کے لئے یہ کتاب عام مسلمانوں کے لئے بہترین تحفہ ہے۔ جو قاری کا کم وقت لے کر اس کو بہت کچھ دے گی۔ کتاب کی معلومات میں تنوع اور دلچسپی کی وجہ سے قاری کو اس کے مطالعہ سے اکتاہٹ نہیں ہوگی۔ خصوصاً ائمہ وخطباء حضرات روزانہ پانچ منٹ اس کتاب کی تعلیم کرکے عام مسلمانوں کو خاطر خواہ فائدہ پہنچا سکتے ہیں۔ کتاب کی کمپوزنگ، ٹائٹل، سیٹنگ، طباعت اور کاغذ سب میں سلیقہ مندی کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔

☆☆☆